04/03/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **مشاہد حسین**

صورتحال

ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملونکے نتیجے میں وادی میں کسی بھی امکانی مظاہرے کو روکنے کیلئے آج تیسرے روز بھی پابندیاں عائد رہیں گی ۔حساس علاقوں میں پولیس اور حفاظتی عملے کے اضافی دستے تعینات کئے گئے ہیں۔ اسی دوران انتظامیہ نے احتیاط کے طور پر کشمیر صوبے کے تمام سرکاری اور پرائیویٹ سکول ، کالج اور یونیورسٹیاں سات مارچ تک بند رکھنے کا اعلان کیا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پولیس کنٹرول روم سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران وادی میں امن و قانون کی صورتحال کو برقرار رکھنے کےلئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا۔

انہوننے پولیس افسروں کو ہائی الرٹ پر رہنے کی ہدایت دی ۔ ایل جی نے شہریوں اور کمیونٹی لیڈروں سے اس سلسلے میں اپنا مثبت رول ادا کرنے کی تاکید کی۔

گیلانی اور پولیس کے دیگر کئی اعلیٰ افسران بھی موجود تھے-SJM کارڈنیشن DG نلین پر بھات ، سپیشلDGPمیٹنگ میں

ایل جی میٹنگ

اس سے پہلے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگر میں پولیس اور سکیورٹی ایجنسیوں کے اعلیٰ حکام کی ایک میٹنگ طلب کر کے جمونوکشمیرکی موجودہ سلامتی صورتحال کا تفصیل سے جائزہ لیا۔

میٹنگ میں فوج کی شمالی کمان کے سر براہ لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما، جمونو کشمیرپولیس کے سر براہ نلین پربھات، فوج لیفٹنٹ جنرل پرشانت سری واستوا اور پندرویں کور کے میجر جنرل بلبیر سنگھ موجود تھے۔ GOC کی پندرویں کور کے

ملاقات

کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل راجیش کمار نے سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج CRPFاسی دوران سینٹرل ریزرو پولیس فورس سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے لوگوں سے امن و امان کو ہر قیمت پر برقرار رکھنے کی تاکید کی ہے۔جموں میں میڈیا نمائندوں سے بات کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ امن میں رخنہ ڈالنے والوں کی کوشش کو ناکام بنایا جانا چاہئے۔

عمرعبداللہ نے کہا کہ ان کی سرکار وزارت خارجہ کے ساتھ قریبی رابطہ بنائے ہوئے ہے تاکہ ایران میں زیر تعلیم جموں کشمیر کے طالب علموں کو محفوظ مقامات کی جانب منتقل کیا جا سکے۔

ہولی

آج ملک بھر میں رنگوں کا تہوار ہولی جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ یہ تہوار بدی پر نیکی کی فتح اور موسم بہار آنے کی عکاس ہے ۔ ہولی سماج کے مختلف طبقوں کے مابین اخوت، رواداری اور مساوات کے پیغام کو عام کرنے کا درس دیتا ہے ۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ہولی کے موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ تہوار سماج میں آپسی رواداری کے رشتوں کو مستحکم کرنے میں مدد دیتا ہے ۔

مبارکباد

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے لوگوں کو ہولی کی مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوننے کہا ہے کہ رنگوں کا یہ تہوار برائی پر اچھائی کی جیت کی عکاسی کر تا ہے۔ انہوننے امید ظاہر کی ہے کہ یہ دن عالمِ انسانیت کےلئے خوشحالی اور ترقی کی نوید لے کر آئے گا۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، کابینی وزراءسکینہ ایتو اور ستیش شرما نے بھی لوگوں کو ہولی کی مبارکباد پیش کی۔

ریلوے

چنئی تک ریل MGR شمالی ریلوے کے ڈویژن نے ریلوے کے تاریخ میں پہلی مرتبہ نایاب جنگلی جانوروں کو جموں سے نے کہا کہ ان جانوروں میں دو Uchit Singhal کے ذریعے پہنچایا ۔ ریلوے ڈویژن جموں کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر شامل ہیں ۔ Black Bears اور دو Leopard cats

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے کل نبارڈ کے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران مالی سال 2026-27 کے لئے 18 ارب روپے کے مجوزہ کریڈٹ پلان دستاویز کو جاری کیا ۔ ڈپٹی کمشنر نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ آنے والے مالی سال کے دوران ترجیحی سیکٹروں میں زیادہ سے زیادہ قرضوں کی واگزاری کو یقینی بنائیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت4 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ 3ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ